میں بھی کتاب کے مفید ہونے میں شبہ نہیں ہے۔

اساسِ تہذیب از ڈاکٹر سید عبد اللطیف تقطیع کلاں۔ ضخامت ۱۹۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد چار روپیہ پچاس نئے پیسے پتہ:۔ انسٹیٹوٹ آف انڈو مڈل ایسٹ کلچرل اسٹڈیز حیدر آباد دکن۔

اسلام چوں کہ دینِ فطرت ہے اس لئے اُس کی تعلیمات کی بنیاد پر جو تہذیب بھی کہ بنے گی ظاہر ہے کہ صالح ترین تہذیب ہوگی۔ لیکن اس کے لئے اوّلاً یہ ضروری ہے کہ تہذیب کے عناصر ترکیبی کو متعین کیا جائے اور پھر ہر عنصر سے متعلق اسلام کی تعلیمات کو یکجا کر دیا جائے۔ چنانچہ یہ کتاب اسی مقصد کے پیشِ نظر تالیف کی گئی ہے کتاب چھوٹے چھوٹے کئی حصوں میں تقسیم ہے۔ حصہ اول میں ایمان باللہ۔ دوم میں معاش اور علم۔ سوم میں اقتصادی نظام۔ چہارم میں معاشرہ۔ اصل مباحث ہیں اور ہر مبحث کے ماتحت بیسیوں ذیلی عنوانات ہیں۔ ہر عنوان کے ماتحت پہلے ایک کالم میں قرآن مجید کی آیات درج کی جاتی ہیں اور اُس کے بالمقابل دوسرے کالم میں آیات کا ترجمہ ہوتا ہے اس کے بعد احادیث بھی جو اسی مضمون اور مبحث سے تعلق رکھتی ہیں اسی طرح درج ہوتی ہیں۔ ہر باب کے آغاز میں اصل عنوان کی مختصر توضیح و تنقیح بھی ہوتی ہے جس سے اصل مقصد کا سمجھنا آسان ہو جاتا ہے کتاب میں عنوانات بحث اور آیات واحادیث دونوں کے اعتبار سے ابھی اضافہ کی کافی گنجائش ہے۔ لیکن موجودہ صورت میں بھی کتاب اگرچہ مختصر ہے مگر مقصد پر حاوی اور جامع ہے کوئی اہم عنوان ترک نہیں ہوا ہے۔ یہ کتاب اس لائق ہے کہ مسلم اور غیر مسلم دونوں اس کا مطالعہ کریں۔

فنونِ لطیفہ اور اورنگ زیب از ڈاکٹر محمد عبد اللہ چغتائی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت دو روپیہ پتہ:۔ کتاب خانہ نورس (کتابی بک شاپ) کبیر اسٹریٹ اُردو بازار لاہور۔